ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو کل بروز ہفتہ کراچی میں شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

ایئرپورٹ سے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو لایا جائے گا، نماز جنازہ بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی جائے گی

شہید انقلاب کو یاسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائیگا جہاں ایم کیوایم کے سینکڑوں شہید کارکنان مدفون ہیں

ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے جنازے میں شرکت کیلئے مختلف شہروں سے ایم کیوایم کے کارکنان و ذمہ داران کراچی پہنچنا شروع ہوگئے

ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان اپنے شہید کنوینر کی آخری رسومات کے انتظامات کو حتمی شکل دینے میں مصروف ہیں

کراچی۔۔۔5نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو کل بروز ہفتہ کراچی کے علاقے یاسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا جسد خاکی پی آئی اے کی پرواز 788 کے ذریعے ہفتہ کو صبح 9 بجکر 30 منٹ پر لندن سے کراچی پہنچے گا۔میت کے ساتھ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران، دونوں بچے، والدین، بہنیں، بہنوئی، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور واسع جلیل بھی لندن سے کراچی پہنچیں گے۔ کراچی کے قائداعظم انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے دیگر اہل خانہ، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور دیگر ذمہ داران میت وصول کریں گے۔ ایئرپورٹ سے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کو عزیز آباد میں ایم کیوایم کے مرکز اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو لایا جائے گا۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی جائے گی جہاں تحریک کے شہیدوں کی یادگار قائم ہے۔ نماز جنازہ کے بعد شہید انقلاب کو عزیز آباد کے قریب واقع علاقے یاسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ اس شہداء قبرستان میں ایم کیوایم کے سینکڑوں شہید کارکنان مدفون ہیں۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے جنازے میں شرکت کیلئے پاکستان کے چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر کے مختلف شہروں سے ایم کیوایم کے کارکنان و ذمہ داران کراچی پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، منتخب نمائندے اور تمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان اپنے شہید کنوینر کی آخری رسومات کے انتظامات کو حتمی شکل دینے میں مصروف ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے شہید کے جنازے میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

☆☆☆☆☆